| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ذ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست شناخت / بناوٹ سے 'ذ' لکھ سکیں۔ حرف 'ذ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:** بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ اسے لے کر 'ڈ' تک درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ذ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں سے پوچھا جائے گا کہ شرارتی نو کون سے حروف ہوتے ہیں اور انہیں شرارتی کیوں کہا جاتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ذ' کریں گے۔ 'ذ' بھی شرارتی نو ہے۔ اس کی بھی آدھی شکل نہیں ہوتی بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ذ' حروف تہجی کا چودھواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ذ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ذ' کے ذخیرہ الفاظ ذرات، ذخیرہ، ذائقہ، ذہن اور زکا کے بارے میں بچوں کو بتایا جائے گا کہ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ذ کے اوپر ایک نقطہ ہوتا ہے۔ تختہ سفید/ سیا پر ایک لکیر کھینچی جائے گی جس پر بچوں کو 'ذ' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ذ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 28 کھولنے کو کہا جائے گا کہ حرف 'ذ' پر انگلی پھیریں حرف 'ذ' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ مثال کے طور پر ذ، ذائقہ، ذ، ذرات بچوں کو 'ذ' کی ورک شیٹ مہیا کی جائے گی رنگین کاغذ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو گلو کی مدد سے حرف 'ذ' پر چسپاں کرنے میں مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 28<br>ورک شیٹ<br>چھوٹے رنگین کاغذوں کے ٹکڑے (ذرات) گلو | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو کہا جائے گا کہ ہوا میں حرف 'ذ' لکھنے کی مشق کریں اور اس عمل کو دو سے تین بار دہرائیں | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ذ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست شناخت / بناوٹ سے 'ذ' لکھ سکیں ۔ حرف 'ذ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو 'ذ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ذ' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو 'ذ' کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ ذ کا ہے۔ ذ کا سورج کو کہتے ہیں۔ بچوں کو بتایے کہ ذ کا کی ابتدائی آواز 'ذ' کی ہے بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'ذ' کی شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ طلباء کے چھوٹے گروپوں کے لیے ہر میز پر Play Dough رکھ دیجیے۔ طلباء کو Play Dough کی مدد سے د، ڈ، ذ بنانے کی مشق کروایئے۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں بچے حرف 'ذ' پر پینسل پھیریں گے اور رنگ بھریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ذ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>Play Dough<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ذ' کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ذ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست شناخت / بناوٹ سے 'ذ' لکھ سکیں ۔ حرف 'ذ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ذ' کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ذ' کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ذرات کے بارے میں بات کریں گے۔ ذرات مٹی کے چھوٹے ذروں کو کہتے ہیں۔ بچوں کو چاک توڑ کر اس کے ذرات دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ذرات کی ابتدائی آواز 'ذ' کی ہے۔ بچوں سے کہتے ہیں کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے۔ انگلیوں سے ہوا میں 'ذ' بنائیں اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں سیب / کیلا ، لیموں چپس یا Nuggets کا اہتمام کیا جائے بچوں کو باری باری بلا کر ہر چیز کو چکھنے اور اس کا ذائقہ بتانے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں ذخیرہ میں رنگ بھرنے اور 'ذ' پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ذائقہ، ذرات اور ذ کا کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**ہوم ورک:**<br>کاپی میں چسپاں ورک شیٹ 'ذ' میں پینسل پھیریے اور رنگ بھریے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ذ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست شناخت /بناوٹ سے 'ذ' لکھ سکیں ۔ حرف 'ذ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف د تا ذ کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ذ' کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ذ' سے زیادہ الفاظ نہیں بنتے بچوں کو پہلے دن پر دکھائی گئی تصاویر پھر سے دکھا کر ان حروف کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ پر حرف 'ذ' تین مرتبہ لکھ کر نقطوں اور ط کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے د، ڈ، ذ کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 29 کھولنے کو کہا جائے گا دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف لکھنا سیکھ رہے ہیں بتایئے ۔۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ذ' کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے ۔ نیچے دی گئی حرف 'ذ' پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 29 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'ذ' کی شکل لکھوائیں۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ذ‘ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ذ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست شناخت / بناوٹ سے ’ذ‘ لکھ سکیں ۔ حرف ’ذ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ذ‘ کا فلیش کارد دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ذائقہ اور ذخیرہ کے بارے میں بات کریں گے۔ آپ نے کبھی کسی دکان پر دیکھا ہے کہ دکان دار نے ایک بڑی سے بوری میں دالیں، چینی اور چاول ذخیرہ کیا ہوتا ہے۔ اس کا مقصد لوگوں کے لیے ان چیزوں کو محفوظ کرنا ہے۔ ذائقہ کسی چیز کو زبان سے چکھنے کو کہتے ہیں۔ اگر آپ چینی کھائیں تو اس کا ذائقہ کیسا ہوتا ہے؟ (میٹھا یا نمکین) بچوں کو پاپ کارن / ٹافی دے کر ان کا ذائقہ پوچھا جائے گا۔ بچوں کو Sand Tray دے کر حرف ’ذ‘ کی درست بناوٹ کے ساتھ مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف ’ذ‘ لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’ذ‘ کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف ’ذ‘ کی لکھائی کریں۔ | 3 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br><br><br><br>30 منٹ<br><br><br>2 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف ’ذ‘ کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |